احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

پیر 30 اگست 2010ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 30/اگست 2010ء 19رمضان 1431 ہجری 30 ظہور 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 181

رمضان میں انفاق فی سبیل اللہ

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں تو آپ کی سخاوت پہلے سے بھی بڑھ جایا کرتی تھی اور آپ ﷺ تیز ہواؤں سے بھی زیادہ جودوسخا کیا کرتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر5)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول

شریعت (۔) میں تمام اوقات عبادت اور ازمنہ روحانیت کو ایک دور کے ساتھ قائم کیا ہے جس طرح پر جسمانیات اور زمانیات میں بھی یہ دور مشاہدہ ہو رہا ہے۔ دیکھو فصل بہار کو کہ ہر ایک سال دورہ کرتی رہتی ہے اور نظر کرو تمام ثمار اور غلہ جات وغیرہ کو کہ اپنے اپنے وقت پیداوار پر دورہ کرتے رہتے ہیں اور غذائے انسان وحیوانات ہوتے ہیں۔ اسی طرح پر نظام روحانی کا انتظام منجانب اللہ فرمایا گیا ہے۔ دیکھو ایک ہفتہ ہی کو کہ یوم جمعہ ہمیشہ دورہ کرتا رہتا ہے جس کی برکات سے مومنین کا ایمان تازہ ہوتا ہے اور ہفتہ بھر کی خطیئات کا کفارہ ہو جاتا ہے۔ پھر دیکھو رمضان شریف اور موسم حج کو اور لیلۃ القدر وغیرہ کو کہ ہر سال ایک مرتبہ ان کا دورہ ہو جاتا ہے۔ یہ کیوں؟ اسی لئے کہ مومنین کا ایمان ان کی برکات سے تازہ ہوتا رہے اور تجلیات الٰہیہ کا ورود جن میں مکالمات الٰہیہ ہیں، مومن متبع پر ہوتا رہے.......... یہ شمس وقمر کا دورہ رمضان شریف کے ساتھ بڑی مناسبتیں رکھتا ہے۔ یعنی جس طرح پر رمضان شریف میں ایک قسم کی نفس کشی بسبب امساک کے اکل وشرب سے اور جماع سے کی جاتی ہے اسی طرح پر اس دور قمر میں مومنین متبعین کو کسی قدر صعوبتیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ بلکہ بعض متبعین کو ترک اکل و شرب و جماع کا بھی تائید (دین) اور تبلیغ دین حق کے لئے کرنا پڑا ہے کہ اکثر جگہ پر ازواج میں باہم تفریق واقع ہوگئی اور مخالفین اکثر مخلصین کے اکل وشرب میں بھی حارج ہوئی۔ دوسری مناسبت رمضان کو اس دور قمر کے ساتھ یہ ہے کہ جو معارف قرآنی بذریعہ اس شمس وقمر کے دنیا پر منکشف ہوئے وہ پچھلی صدیوں میں نازل نہیں ہوئے تھے اور رمضان کی خصوصیات سے ضروری ہے کہ ھدی للناس..........(البقرہ:186) کا نزول ضرور ہو۔ یہ تینوں امور نزول قرآن مجید کے لئے اس لئے ضروری ہیں کہ ایک تو ہدایت عام ہوتی ہے تمام آدمیوں کے لئے۔ دوسرے اس ہدایت کے دلائل قطعیہ اور شواہد یقینیہ کا ہونا بھی ضروری ہے۔.......... تیسرے اس ہدایت عامہ کے لئے الفرقان ہونا چاہئے۔

(خطبات نور صفحہ:234)

دعائیہ فہرست تحریک جدید

رمضان المبارک اور انفاق فی سبیل اللہ کا باہم گہرا تعلق ہے۔ اسی لئے حضرت مصلح موعود نے اس مبارک مہینہ میں تحریک جدید کے وعدے سے سبکدوش ہونے کو بہت پسند فرمایا اور 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب میں ان شاملین کیلئے خصوصی دعا کی روایت قائم فرمائی جو اس تاریخ سے قبل اپنے وعدے ادا فرما دیتے ہیں۔
امسال بھی ایسے خوش نصیب شاملین کیلئے 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب کے موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعا کی درخواست کی جائے گی جو کہ تحریک جدید کے سال 76(2009-10) کے وعدہ جات کی سو فیصد ادائیگی 29 رمضان سے قبل کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو اور حسنات دارین سے نوازے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

احمدی مصنفین توجہ فرمائیں

اگر آپ نے کبھی کوئی کتاب یا مقالہ لکھا ہے تو براہ کرم اس کی دو کاپیاں ہمیں ارسال فرمائیں اور ہم سے رابطہ فرمائیں تا کہ تمام احمدی مصنفین کا ریکارڈ اپ ڈیٹ کیا جاسکے۔

برائے رابطہ فون نمبرز

فون نمبرز آفس: 0092476214953
موبائل: 03344290902,03367061736
فیکس نمبر: 0092476211943
ای میل: tahqeeqj@yahoo.com
tahqeeq@gmail.com
ayaz313@hotmail.com

(انچارج ریسرچ سیل ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

یکم ستمبر 2010ء

12-10 am	تلاوت قرآن کریم مکرم ہانی طاہر صاحب
1-00 am	عربی سروس
2-00 am	عربی ترجمہ (خطبہ جمعہ حضور انور)
3-05 am	ان سائیٹ اور سائنس اور میڈیسن ریویو
3-30 am	درس القرآن
5-10 am	تلاوت قرآن شریف مکرم قاری محمد عاشق صاحب
6-50 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ
7-25 am	تلاوت قرآن کریم مکرم ہانی طاہر صاحب
8-20 am	درس حدیث
8-40 am	زندہ لوگ
9-05 am	درس القرآن
11-00 am	تلاوت قرآن شریف مکرم قاری محمد عاشق صاحب
12-55 pm	درس حدیث
1-05 pm	زندہ لوگ
1-30 pm	گلشن وقف نو
2-35 pm	انڈونیشین سروس
3-40 pm	درس القرآن
5-15 pm	تلاوت
5-30 pm	زندہ لوگ
7-00 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 10 جنوری 1986ء
8-25 pm	آرٹ کلاس
9-00 pm	خبرنامہ
9-25 pm	درس حدیث
9-40 pm	سیرت النبی ﷺ
10-05 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
10-20 pm	تلاوت قرآن کریم مکرم ہانی طاہر صاحب
11-20 pm	عربی سروس

2 ستمبر 2010ء

12-15 am	لقاء مع العرب
1-20 am	درس القرآن
2-55 am	تلاوت قرآن شریف مکرم قاری محمد عاشق صاحب
5-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں اور خبرنامہ
5-30 am	آرٹ کلاس
6-10 am	تلاوت قرآن کریم مکرم ہانی طاہر صاحب
7-05 am	زندہ لوگ
7-25 am	درس القرآن
8-55 am	سیرت النبی ﷺ
9-20 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 10 جنوری 1986ء
10-40 am	خبرنامہ
11-00 am	تلاوت
12-50 pm	درس حدیث
1-15 pm	زندہ لوگ
1-55 pm	فیتھ میٹرز
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	درس القرآن
5-45 pm	تلاوت
5-55 pm	درس حدیث
6-05 pm	زندہ لوگ
6-50 pm	بنگلہ سروس
7-55 pm	ملاقات پروگرام (انگریزی)
9-00 pm	خبرنامہ
9-25 pm	مسیح ہندوستان میں
10-10 pm	یسرنا القرآن
10-35 pm	سیرت النبی ﷺ
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں

تصحیح

مورخہ 27/اگست 2010ء کے اخبار الفضل کے صفحہ 1 پر ارشادات عالیہ کے عنوان کے تحت حضرت مصلح موعود کے ارشادات شائع کئے گئے ہیں۔ جبکہ غلطی سے ہیڈنگ میں ارشادات حضرت بانی سلسلہ احمدیہ لکھا گیا ہے۔ ادارہ اس پر معذرت خواہ ہے۔ احباب درستی فرمالیں۔

درخواست دعا

مکرم امجد علی صاحب ولد مکرم محمد اسحٰق صاحب ٹاؤن شپ لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار نے طاہر ہارٹ ربوہ سے اینجیو پلاسٹی کروائی تھی جو محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے کامیاب ہوگئی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفائے کامل و عاجل عطا فرمائے اور اپنا رحم فرمائے اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین

غزل

روزِ ازل سے ہے یہاں موت و فنا کا سلسلہ
سنتے ہیں اس جہاں میں ہے جاری بقا کا سلسلہ

کڑیاں بہم ہیں دور تک ماضی سے یہ ملی ہوئیں
مولیٰ بہت طویل ہے میری وفا کا سلسلہ

دنیا کی ساری نعمتیں سامنے اس کے ہیچ ہیں
مولا ہمیں تو چاہئے تیری رضا کا سلسلہ

سنتے تھے آندھیوں میں نہ کوئی چراغ جل سکا
یاں تو دیئے جلا گیا تیز ہوا کا سلسلہ

کم یا زیادہ سب پہ ہی اس کے تصرفات ہیں
آتا نظر ہے ہر کہیں نفس و انا کا سلسلہ

اس کے بغیر رونقِ شہر میں اک کمی سی ہے
ہو گا بحال کب تلک پھر وہ ندا کا سلسلہ

فصلِ بہار گل بھی ہو نغمۂ عندلیب بھی
قائم رہے چمن میں یہ رنگ و نوا کا سلسلہ

گزرے جو امتحان سے ہوتے گئے ہیں معتبر
بنتا گیا کسوٹیاں کرب و بلا کا سلسلہ

مکر و فریب و شور و شر اعداء کے ہے خمیر میں
اپنے لئے نیا نہیں جورو جفا کا سلسلہ

جانے نجات کب تلک شر سے یہ قوم پائے گی
چلتا رہے گا تابہ کے اس کی سزا کا سلسلہ

دی یہ صدا شہید نے میری عروس سے کہو
میرے لہو سے مل گیا اس کی حنا کا سلسلہ

دنیا میں پہلی سانس سے آخری وقت تک رہا
میری طلب کا سلسلہ، اس کی عطا کا سلسلہ

دامن نہ اس کا چھوڑنا رشتہ نہ اس سے توڑنا
آئے گا کام حشر تک جس کی دعا کا سلسلہ

نیچا دکھائے شیر کو گرگ کی کیا مجال ہے
کون اسے مٹا سکے جو ہے خدا کا سلسلہ

کیسا عظیم سانحہ ہم پہ گزر گیا مگر
آتا کہیں نظر نہیں آہ و بکا کا سلسلہ

صاحبزادی امۃ القدوس

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم سید محمد احمد صاحب

پارٹیشن کے زمانے کی چند یادداشتیں

جماعت احمدیہ کے ہوائی جہازوں کی مختصر کہانی

(قسط سوم آخر)

دوسرا معجزانہ واقعہ چند دن بعد پیش آیا۔ یہ ستمبر کے شروع کے دنوں کا ہے۔ حضور نے ایک ضروری لفافہ قادیان بھیجنا تھا جو قادیان کی انتظامیہ کو پہنچانا تھا۔ میں نے عرض کی اگر آپ مجھے ایک ترنگا Streamer بنوا دیں تو میں یہ لفافہ اس میں ڈال کر تعلیم الاسلام کالج کے سامنے والی گراؤنڈ (جہاں خدام الاحمدیہ کا ایک عارضی کیمپ ہے) کے قریب ہوائی جہاز سے پھینک سکتا ہوں اور اس طرح یہ ضروری لفافہ جماعت قادیان کی انتظامیہ تک پہنچ جائے گا۔ پھر تفصیل سے میں نے بتایا کہ جنگ عظیم کے دوران برما میں ہم ایسے ہی سٹریمرز Streamers استعمال کرتے تھے اور ان کے ذریعہ ہی جنگل میں چھپے ہوئے اپنے کمانڈرز کے دستوں کو خصوصی پیغامات پھینکا کرتے تھے۔ تفصیلاً میں نے یہ بھی بتایا کہ ایک کینوس کا لفافہ نما بیگ (12 انچ 9x انچ) چاہئے۔ جس کی ایک سائیڈ کھلی ہو مگر اس کو بند کرنے کیلئے اس کی کھلی سائیڈ پر ایک مضبوط کاج نما بٹن ہونا چاہئے اور اس کی دوسری سائیڈ پر تین رنگین کپڑے کی پٹیاں (4 انچ 3x فٹ لمبی) سی دی جائیں کہ ہر پٹی کا صرف ایک سرا بیگ کے ساتھ سلا ہو مگر دوسرا نہیں۔ ایک پٹی نیلی۔ دوسری سرخ اور تیسری زرد۔ تا کہ جب یہ بیگ گرے تو یہ پٹیاں نہ صرف بیگ کو سنبھالیں بلکہ ان کی وجہ سے گرتا ہوا بیگ دور سے نظر بھی آئے۔ آپ کے حکم سے لاہور کی لجنہ نے راتوں رات دو بہترین سٹریمرز تیار کر دئے۔ جن میں سے ایک میں میں نے حضور کا ضروری لفافہ بند کر لیا اور والٹن جا کر قادیان کے لئے روانہ ہو گیا۔ چونکہ مجھے پورا یقین تھا کہ میرے جہاز پر زبردست فائرنگ ہوگی اس لئے میں نے اس دن قادیان کی فضائی زیارت کرنے والے کسی شوقین کو ساتھ نہیں بٹھایا۔ دوسرے میں نے اپنے ذہن میں یہ پلان بنایا کہ اول تو میں سارا راستہ بہت نیچی پرواز کر کے قادیان پہنچوں گا تا کہ وہاں پہنچ کر ہی پتہ چلے کہ ہوائی جہاز سر پر آ گیا ہے۔ دور سے پتہ نہ چل سکے۔ بعد میں سیدھا ٹی آئی کالج کے سامنے والی گراؤنڈ میں پہلی بار میں ہی یہ سٹریمر گرا دوں گا تا کہ جب تک پولیس والے اور فوجی سپاہی گولیاں چلانے کی تیاری پکڑیں میں اپنا کام کر چکا ہوں۔ اور اس کے بعد جلدی سے مڑ کر نیچی پرواز کرتا ہوا واپس لاہور آ جاؤں مگر جونہی میں اپنے ٹارگٹ سے چند سو گز پہلے ذرا سا اونچا ہوا تو بائیں جانب سے مشین گن کا مسلسل فائر میرے جہاز پر شروع ہو گیا یہ مشین گن میرے جہاز پر فائر کر رہی تھی مگر الحمدللہ میرے جہاز کو کوئی گولی نہیں لگی۔ میں سیدھا اڑتا گیا اور ٹارگٹ کے عین اوپر تقریباً ایک سوفٹ کی بلندی سے میں نے وہ سٹریمر نیچے پھینک دیا۔ پھر دائیں مڑا اور بہت نیچا اڑتا ہوا واپس لاہور آ گیا۔ بعد کو ٹیلیفون سے پتہ چلا کہ حضور کا ضروری لفافہ صحیح جگہ پہنچ گیا ہے۔

اب وہاں کیا ہوا اس کی تفصیل بعد میں قادیان سے ان لوگوں کے لاہور آنے کے بعد پتہ چلی۔ جو اس وقت اس گراؤنڈ میں ڈیوٹی پر موجود تھے۔ یہ بھی ایک عجیب وغریب معجزانہ کہانی ہے۔ خدام الاحمدیہ کے دو کارکنوں نے جو وہاں ڈیوٹی پر موجود تھے وہ سٹریمر گرتا دیکھا اور وہ اس کی جانب بھاگے مگر دوسری طرف سے (اس گراؤنڈ سے جو کالج سے کچھ دور شمال مغرب میں جامعہ احمدیہ کی بلڈنگ سے کچھ دور شمال کی طرف واقع ہے اور جہاں پولیس اور فوج کی ایک پوسٹ تھی) کے بھی دو بندے اس طرف کو بھاگے۔ یہ پولیس اور فوج والے اسی گراؤنڈ کے تھے جہاں سے مشین گن نے میرے ہوائی جہاز پر تابڑ توڑ فائرنگ کی تھی۔ ان سرکاری کارندوں نے ٹی آئی کالج کی جنوبی گراؤنڈ (جہاں جلسہ سالانہ ہوا کرتا تھا اور جہاں میں نے وہ سٹریمر گرایا تھا) پہنچ کر ہمارے خدام الاحمدیہ کے دونوں کارندوں کو پکڑ لیا اور حکم دیا کہ جو چیز بھی ہوائی جہاز نے گرائی ہے ہمارے سپرد کر دو۔ اغلبًا درختوں کی اوٹ کی وجہ سے ان سرکاری کارندوں نے اپنی آنکھوں سے کوئی چیز ہوائی جہاز سے گرتی نہیں دیکھی تھی۔ ہمارے خدام نے جواب دیا کہ ہمارے پاس کوئی چیز نہیں ہے۔ جس پر سرکاری کارندوں نے ہمارے خدام کی مکمل تلاشی لی مگر ان کے پاس سے کچھ نہ نکلا۔ جب پولیس والے کارندے وہاں سے چلے گئے تو ہمارے خدام پریشان تھے کہ وہ سٹریمر کہاں گیا جو انہوں نے اپنی آنکھوں سے گرتا ہوا دیکھا تھا۔ اس لئے یہ دونوں خدام ادھر ادھر نگاہ مار رہے تھے کہ شاید وہ سٹریمر کہیں دور زمین پر پڑا ہوا مل جائے۔ جب سرکاری کارندے بہت دور چلے گئے اور نظر سے غائب ہو گئے تو وہاں کھڑا ہوا ایک دس گیارہ سال کا بچہ جس نے میلی قمیص اور نیکر پہنی ہوئی تھی ہمارے خدام کے پاس آیا۔ اس نے اپنی قمیص اٹھائی اور وہ لپٹا ہوا سٹریمر اپنی قمیص کے نیچے سے نکال کر ہمارے خدام کے سپرد کر دیا اور کہا کہ یہ میرے قریب گرا تھا مگر جب دور سے میں نے پولیس والوں کو آتے دیکھا تو میں نے اسے اٹھا کر لپیٹ کر اپنی قمیص کے نیچے چھپا لیا۔ چنانچہ حضور کا وہ ضروری لفافہ قادیان کی جماعت کی انتظامیہ کو صحیح سلامت پہنچ گیا۔ مجھے آج تک یہ سمجھ نہیں آئی کہ کیا وہ کوئی فرشتہ تھا یا ایک بے حد سمجھدار غریب بچہ مگر اس کا نام اور ولدیت کا آج تک پتہ نہیں چل سکا۔

تیسرا معجزانہ واقعہ حضور کے لاہور پہنچنے کے کئی دنوں بعد پیش آیا۔ یہ اغلبًا ستمبر کے تیسرے ہفتہ کی بات ہے اور ان دنوں کا ذکر ہے جب تقریباً ہر روز ہجرت کرنے والوں کا ایک قافلہ قادیان سے لاہور آیا کرتا تھا اور عموماً ہر قافلے میں سینکڑوں مرد، عورتیں، بچے ہوتے تھے۔ عموماً یہ قافلے قادیان سے صبح چلتے تھے اور لاہور شام تک پہنچ جاتے تھے۔ ایک دن ایک قافلہ شام تک لاہور نہ پہنچا اس لئے حضور بے حد فکرمند ہو گئے۔ جب بہت ہی دیر ہو گئی اور کسی رابطہ کے ذریعے پتہ نہ چل سکا کہ قافلہ کا کیا حشر ہوا اور کہاں رک گیا یا روک لیا گیا۔ تو حضور نے رات کو میٹنگ بلوائی کہ گمے ہوئے قافلے کا کس طرح پتہ چلایا جائے۔ میٹنگ میں ایک صاحب نے مشورہ دیا کہ اپنے ہوائی جہاز کو بھیجا جائے اور پائلٹ ایک گھریلو ٹارچ (Flash Light) کی روشنی زمین پر ڈال کر گمے ہوئے قافلے کو ڈھونڈ نکالے۔ میں نے ان صاحب کو بتایا کہ چونکہ رات کا وقت ہے اس لئے پہلے تو مجھے کم از کم زمین سے پانچ سو فٹ کی بلندی پر اڑنا ہوگا۔ دوسرا یہ کہ گھریلو ٹارچ کی روشنی پانچ سوفٹ کی بلندی سے زمین پر کچھ بھی نہیں دیکھ سکتی (یہاں یہ بھی بیان کر دوں کہ اگر آپ کسی ہوائی جہاز کو رات کے وقت کسی ائیر پورٹ پر لینڈ کرتا دیکھیں تو اس نے اپنی چاروں لینڈنگ لائٹیں جلائی ہوتی ہیں جن کی کل روشنی 20 ملین کینڈل پاور ہوتی ہے۔ جبکہ گھریلو ٹارچ محض 50 یا 60 کینڈل پاور کی ہوتی ہے۔) تیسرے یہ کہ ہمارے اس چھوٹے جہاز میں رات کے وقت ٹیک آف اور لینڈ تو کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ رن وے پر لائٹیں لگی ہوں۔ مگر ہمارے جہاز میں رات کے وقت راستہ کو ڈھونڈنے کے کوئی آلات موجود نہیں تھے۔ مگر ان سب مشکلات کے باوجود میں نے فیصلہ کیا کہ میں اس قافلے کو گھپ اندھیرے میں ڈھونڈنے کی پوری کوشش کروں گا۔ میرے اس فیصلہ کرنے کہ اصل وجہ یہ تھی کہ حضور اس قافلے کے لاپتہ ہو جانے کی وجہ سے بے حد پریشان اور بے حد فکرمند تھے اور مجھ سے آپ کی پریشانی دیکھی نہیں جا رہی تھی۔ اور اس وجہ سے ایک دلیرانہ ہمت مجھ میں پیدا ہوئی۔ میرا اس فیصلہ کرنے کے بعد صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب مرحوم بھی میرے ساتھ اس مشن پر جانے کے لئے تیار ہو گئے۔ کیونکہ چند سال پہلے انہوں نے بھی فلائنگ کی مکمل ٹریننگ لی ہوئی تھی۔ گو بعد میں انہوں نے تجارت اور انڈسٹری کا پیشہ اپنایا تھا۔ ہم دونوں مع ڈرائیور جماعت کی جیپ میں بیٹھ کر والٹن ائیر پورٹ گئے۔ اور سیدھے ائیر پورٹ مینیجر کے رہائش گھر پہنچے اور ان سے اپنا مدعا بیان کیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ سرکاری طور پر تو آپ اس وقت رات کو یہاں سے فلائی نہیں کر سکتے کیونکہ اس وقت ائیر پورٹ بند ہے اور خصوصی طور پر اس لئے کہ ائیر ٹریفک کنٹرول بھی بند ہو چکا ہے۔ مگر اگر خود اپنے رسک پر ایسا کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے آپ کو خود رن وے کی دونوں جانب وہ روشنیاں (Flares) لگانی ہوں گی جو رات کو اڑنے اور لینڈ کرنے کے لئے لازمی ہوتی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ان شنیوں کا سٹاک فلاں گودام میں موجود ہے۔ انہیں وہاں سے رن وے تک لے جانے اور واپس لانے کا کام آپ خود کریں گے۔ ہم تینوں اپنی جیپ میں ہی سوار ہوئے اور سٹور سے چند Flares جیپ میں لاد کر والٹن ائیر پورٹ کے چھوٹے لمبائی والے رن وے کے آغاز والے کنارے کی طرف پہنچ گئے۔۔ (یہاں یہ بتاتا چلوں کہ آجکل کے زمانے میں تو ہر ائیر پورٹ پر مستقل بجلی کی لائٹیں لگی ہوتی ہیں جو بجلی سے نہ صرف پورے رن وے کو بلکہ اس کے ساتھ رن وے کی سنٹر لائن اور دونوں کناروں اور اپروچ کو بھی فوری طور پر روشن کر دیتی ہیں۔ مگر اس زمانے کی Flares ایک بڑے سائز کا لوٹا نما برتن ہوتا تھا۔ کچھ الہ دین کے چراغ کی شکل کا۔ جس کی بڑی سی ٹونٹی میں ایک موٹی سی گول کاٹن کی بتی ہوتی تھی اور جس میں مٹی کا تیل بھرا ہوتا تھا۔ اس کی بتی کو ماچس سے اس طرح جلایا جاتا تھا جیسے لالٹین کی بتی کو جلاتے ہیں۔ رات کے وقت خواہ تیز ہوا کیوں نہ ہو یہ خود بخود نہیں بجھتی۔ اس لئے استعمال کے بعد انہیں خود بجھانا پڑتا تھا) اس رات کو سخت اندھیرا تھا اور جیپ کی ہیڈ لائٹیں جلانے کے باوجود راستہ مشکل سے نظر آ رہا تھا۔ تقریباً ایک گھنٹے میں ہم تینوں نے مل کر اتنی Flares لگا لیں جو میرے اندازے میں ہمارے L-5 ہوائی جہاز کے ٹیک آف اور لینڈنگ کے لئے کافی تھیں۔ مگر عجیب اتفاق ہے کہ ائیر پورٹ مینیجر نے ہمیں یہ نہیں بتایا کہ اس چھوٹے رن وے کے عین درمیان میں ایک Dakota قسم کا ہوائی جہاز پارک ہوا ہے اور بدقسمتی سے اسی رن وے کے شروع کے چند سو گز کے حصے میں ہم نے Flares لگائی تھیں۔ (ہوا یہ تھا کہ ان دنوں پاکستان گورنمنٹ نے B.O.A.C (موجودہ نام برٹش ائیرویز) کے بارہ Dakota قسم کے مسافر بردار ہوائی جہاز چارٹر کئے ہوئے تھے جو روزانہ دہلی سے لاہور آتے اور شام کو دہلی واپس چلے جاتے۔ یہ مسافر بردار جہاز مخصوص تھے ان تمام گورنمنٹ آف پاکستان کے سرکاری ملازمین اور ان کی فیملیز کیلئے جنہوں نے دہلی سے لاہور انہیں لانا تھا۔ یہ کام ان جہازوں نے چند ہفتوں میں مکمل کر لیا۔ اس دن صبح کو جب یہ ہوائی جہاز دہلی سے لاہور آئے تو واپسی پر ان میں ایک جہاز انجن کی خرابی کی وجہ سے واپس نہ جا سکا اور رات کیلئے والٹن ائیر پورٹ میں رک گیا اور اسی رات کو وہ والٹن کے چھوٹے رن وے کے عین درمیان پارک تھا۔ اور ہم اس بات سے بالکل بے خبر تھے۔ ادھر شاید ائیر پورٹ مینیجر نے ہمیں اس پارک ہوئے Dakota کے بارے میں شاید اس لئے نہیں بتایا کہ ان کا خیال ہو کہ ہم والٹن کے مین یعنی لمبے

والے رن وے سے ٹیک آف کریں گے۔مگر میں نے چھوٹے والے رن وے کو اس لئے ترجیح دی تھی کیونکہاس کا شروع والا سرا Flares والے گودام کے بہت قریب تھا۔اور ایسا کرنے سے ہمارا بہت سا ٹائم بچتا تھا۔اگر ہم لمبے والے رن وے پر سے اڑنے کا انتظام کرتے تو اس کے سرے تک Flares پہنچانے میں بہت ہی دیر لگتی۔نیز یہ کہ وہ Dakota ہمیں جیپ کی ہیڈ لائٹیں جلانے کے باوجود نظر نہیں آیا۔کیونکہ وہ رات بے حد اندھیری تھی۔دوسرے خطرے والی بات یہ تھی کہ ان دنوں ہزاروں ہزار کی تعداد میں مسلمان پناہ گزین جن کی اکثریت مشرقی پنجاب سے تھی۔سخت بری حالت میں پاکستان آئے تھے اور اس زمانے میں والٹن ائیر پورٹ کے قریب کراچی جانے والی ریلوے لائن کے اس پار اس بڑے مہاجر کیمپ میں ٹھہرے ہوئے تھے جو اب ''باب پاکستان'' کہلاتا ہے۔ان مہاجرین کے ساتھ ان کے ہزاروں ہزار مویشی بھی آئے تھے جو اس ریلوے لائن کے دونوں جانب سارے علاقے میں چرتے پھرتے تھے اور ان میں سے بہت سے مویشی ریلوے لائن کراس کرکے والٹن ائیر پورٹ کے دونوں رن وے کے درمیان والے گھاس کے وسیع میدانوں میں آزاد چرتے پھرتے تھے اس لئے کہ ان کے لئے کوئی مناسب انتظام نہ تھا۔

اب ان دونوں خطرات سے لاعلم اور بے خبر ہوتے ہوئے خاکسار اور مرزا منیر احمد صاحب تیاری کر کے جہاز میں بیٹھ گئے۔جہاز کا انجن سٹارٹ کیا اور چھوٹے رن وے پر اڑنے کے لئے داخل ہوئے۔ یہاں سب کچھ چیک کرنے کے بعد انجن کو فل تھراٹل Full Throttle دے کر پرواز شروع کرنے کے لئے ہوائی جہاز کو دوڑایا۔ابھی تقریباً ڈیڑھ سو گز کا فاصلہ ہی دوڑے ہوں گے کہ ایک زور دار دھما کے ساتھ جہاز کسی چیز سے ٹکرایا اور اس خوفناک ٹکر سے جہاز کا اگلا حصہ نیچا ہوکر زمین سے لگا اور دم اوپر کی طرف اٹھ گئی اور سامنے کی جانب ایک قلا بازی کھا کر الٹ گیا اور الٹا ہی زمین پر گھسٹتا گیا۔اور پھر رک گیا۔ اگرچہ میرے دونوں گھٹنوں پر چوٹیں آئی تھیں مگر میں جلدی سے اپنا حفاظتی بند کھول کر اتر کر بھاگا کیونکہ جہاز کے الٹنے کی وجہ سے پٹرول ٹینک میں سے پٹرول بہنے کی آواز مجھے آرہی تھی۔ڈر تھا کہ کہیں آگ نہ لگ جائے کیونکہ پٹرول کی بو مجھے آرہی تھی۔مگر جہاز سے دور بھاگنے کی بجائے میں جلدی سے اس لئے پلٹا کیونکہ بھائی منیر اپنی سیٹ میں الٹے لٹکے پھنسے ہوئے تھے۔جہاز الٹنے کی وجہ سے ان کی سیٹ زمین سے دس فٹ اونچی ہوگئی تھی اور ان سے اپنا حفاظتی بند بھی نہیں کھل رہا تھا۔میری مدد سے وہ مشکل سے نکلے بلکہ سیدھے زمین پر گرے۔جہاز بالکل ٹوٹ پھوٹ گیا تھا۔ٹارچ جلا کر دیکھا کہ معلوم ہو سکے کہ ہم کس چیز سے ٹکرائے تھے۔پتہ چلا کہ ایک گائے سے ٹکرائے تھے۔جو اس چھوٹے رن وے کے درمیان کھڑی تھی۔ اس کا آدھا دھڑ ہمارے قریب پڑا تھا اور باقی آدھا تقریباً پچاس گز پیچھے یعنی ٹکرانے والی جگہ پر۔اس سروے کے بعد ہم رن وے کے آگے کی جانب بڑھے۔ابھی تقریباً ایک سو گز گئے ہوں گے کہ سامنے سے ہمیں ایک سپاہی نے چلا کر Halt کہہ کر روکا۔ قریب گئے۔ٹارچ جلائی۔دیکھا کہ سامنے ایک B.A.O.C کا مسافر بردار Dakota جہاز عین رن وے کے درمیان میں کھڑا ہے اور Halt چلانے والا وہ گارڈ تھا جو اس ہوائی جہاز کا پہرہ دے رہا تھا۔یہ نظارہ دیکھ کر میں اور بھائی منیر دونوں لرز گئے۔اگر اللہ تعالیٰ نے اس بیچاری گائے کو ہماری جانیں بچانے کیلئے اس وقت وہاں نہ بھیجا ہوتا تو ہم اس Dakota سے اتنی تیز رفتار سے ٹکراتے کہ وہ جہاز بھی اور ہم بھی ریزہ ریزہ ہو جاتے۔کیونکہ وہاں تک پہنچنے تک ہماری رفتار ایک سو میل فی گھنٹہ ہو چکی ہوتی۔سچ مچ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس رات بالکل معجزانہ طور پر بچا لیا۔الحمدللہ

اب دوسری مصیبت یہ آئی کہ ائیر پورٹ کا کچھ سٹاف بھی حادثہ کے دھماکے کو سن کر وہاں آ گیا۔ ائیر پورٹ مینیجر صاحب نے تو صاف صاف اسے ایک غیر قانونی اور بلا اجازت پرواز کے طور پر اپنی رپورٹ میں لکھ دیا۔مگر اس کے علاوہ وہ کچھ کر بھی نہ سکتے تھے۔ مگر ہمیں Flares وغیرہ واپس پہنچانے میں کافی دیر لگ گئی اس لئے ہم بہت ہی لیٹ رتن باغ واپس پہنچے۔صبح حضور کو جب تمام واقعہ کا علم ہوا (تو دل میں تو حضور ضرور خوش ہوئے ہونگے کہ ہماری جانیں بچ گئیں) مگر جماعتی ڈسپلن کی ایک لاپرواہی کے الزام کی وجہ سے ہم سے بہت ناراض ہوئے کیونکہ حادثہ کی رات کو ہم سے ایک حکم عدولی ہوگئی تھی۔اور وہ یہ کہ پچھلی رات کو حضور نے چلتے وقت ہمیں یہ بھی کہا تھا کہ ائیر پورٹ پر جاتے ہوئے راستہ میں چودھری ظفر اللہ خان صاحب کی قیام گاہ سے ہوتے جانا اور ان سے دریافت کر لینا کہ کیا آپ کو لاپتہ ہوئے قافلہ کے بارے میں کوئی اطلاع ملی ہے۔کہ نہیں اور اگر ملی ہے تو اس مشن پر مت جانا اور تمہارے یہاں سے نکلنے کے کچھ دیر کے بعد ہی مجھے چودھری صاحب کا فون آ گیا تھا کہ قافلہ فلاں جگہ پر رک گیا ہے۔مگر محفوظ ہے اور کل دوپہر تک لاہور پہنچ جائے گا اس لئے تمہارا رات کو قافلہ ڈھونڈنے والا مشن غیر ضروری ہو گیا تھا۔ ہم سے یہ غلطی ہوئی کہ ائیر پورٹ جاتے ہوئے ہم چودھری صاحب کی قیام گاہ پر اس لئے نہیں گئے کہ رات بہت ہوگئی ہے اور ہم نے مناسب نہ سمجھا کہ اتنی رات لیٹ ہم چودھری صاحب کی قیام گاہ پر جا کر ان کو تکلیف دیں گے۔مگر حضور کی حکم عدولی کی سزا ہم کو اسی رات مل گئی۔

اس حادثہ کے بعد ہمارے پاس ایک جہاز کم ہو گیا۔مگر چونکہ انہیں دنوں میں ڈپٹی محمد لطیف صاحب حضور سے اجازت لے کر اپنے لئے پاکستان میں کوئی موزوں ملازمت ڈھونڈنے کے لئے چلے گئے۔اسلئے اب صرف جماعت کے پاس صرف ایک ہوائی جہاز تھا اور ایک پائلٹ یعنی خاکسار۔

چند دنوں کے بعد ایک دن اطلاع ملی کہ امرتسر کے شمال مغرب کی جانب انڈیا کے بارڈر کے اندر ایک قصبہ بنام اجنالہ میں سینکڑوں مسلمان بھوکے پیاسے اپنے گھروں کے کوٹھوں پر مجبوراً اس لئے بیٹھے ہیں کیونکہ علاقے کے ہندو اور سکھوں نے اس قصبہ کے گرد گھیرا ڈالا ہوا ہے تاکہ انہیں اس حالت میں ہی بھوکا پیاسا ماردیں۔حضور اس اطلاع سے بے حد پریشان ہوئے اور فوراً لاہور کی جماعت کو آرڈر دیا کہ لنگر میں تندوری روٹیاں ہزاروں کی تعداد میں تیار کی جائیں اور ان کے ایسے پیکٹ بنائے جائیں جن میں چار پانچ روٹیاں پیک ہوں اور مجھے آرڈر دیا کہ تم نے یہ روٹیوں کے پیکٹ ہوائی جہاز میں لے جا کر اس قصبہ میں گھرے ہوئے مسلمانوں کیلئے پھینکنے ہیں۔ہم ایک جیپ میں بہت سی روٹیوں کے پیکٹ لے کر والٹن گئے۔اس دن میرا معاون حضور کا ڈرائیور نذیر تھا۔L-5 کی پچھلی سیٹ کے پیچھے جتنی بھی خالی جگہ تھی میں نے اور نذیر نے ساری جگہ ان روٹیوں سے بھر دی۔اڑے اور اس قصبہ کے اوپر پہنچ کر اپنی طرف سے بے حد احتیاط سے وہ پیکٹ ایک ایک دو دو کر کے برسانے شروع کئے۔وہ بیچارے لوگ اتنے بھوکے تھے کہ جس کے ہاتھ پیکٹ آتا تھا تو اس سے زیادہ تگڑا اس سے یہ پیکٹ چھین لیتا تھا اور اس باہمی چھینا جھپٹی میں بہت سی روٹیاں ضائع ہوگئیں۔دوسرے یہ کہ لنگر والوں اور ہم سے یہ غلطی ہوگئی کہ پیکٹ پرانے اخبارات کے کاغذوں سے بنائے گئے تھے اسلئے ہوائی جہاز سے گرتے ہی بہت سے پیکٹوں کے اخباری کاغذ ہوا میں ہی پھٹ جاتے تھے اور اس کی روٹیاں ننگی زمین پر گر جاتی تھیں۔مگر پھر بھی ان بے چارے بھوکوں کے لئے کچھ نہ کچھ سامان ہو گیا تھا۔اس مشن کو مکمل کرنے کے بعد ہم نے والٹن سے اپنے ٹارگٹ تک تین بار چکر لگائے یعنی تین بار والٹن واپس آکر روٹیوں کے پیکٹ بھرے اور وہاں جا کر گراتے رہے جب تک کہ پیکٹ ختم نہ ہوگئے۔

اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد کشمیر والی جنگ شروع ہوگئی اور مجھے اسی سلسلہ میں کئی بار سیالکوٹ اور راولپنڈی اپنے جماعتی ہوائی جہاز میں جانا پڑا۔چونکہ اس زمانہ میں Flood کے باعث لاہور تا گوجرانوالہ جی ٹی روڈ کئی جگہ سے ٹوٹ گئی تھی اور زیر آب آگئی تھی اور زمینی راستے لمبے عرصہ تک بند رہے۔اس لئے مجھے بہت سی فلائٹیں سیالکوٹ۔گوجرانوالہ اور پنڈی کے لئے کرنا پڑیں جن کا تعلق جماعتی کاموں سے کم ہوتا تھا۔زیادہ مسلم لیگ اور آزاد کشمیر کے لیڈروں کے سرکاری کاموں سے ہوتا تھا۔

غالباً اکتوبر 1947ء کا آخر تھا جب حضور کو کراچی سے کسی نے اطلاع دی انہیں De-Haviland ہوائی جہاز بنانے والی کمپنی کے آل انڈیا دفتر جو کراچی میں واقع تھا سے پتہ چلا ہے کہ ان کے پاس کراچی میں چار Fox Moth قسم کے چھوٹے مسافر بردار جہاز موجود ہیں۔یہ ہوائی جہاز کینیڈا سے کسی ہندو پارٹی نے امپورٹ کئے تھے۔یہ ہوائی جہاز ٹکڑوں کی صورت میں کینیڈا سے کراچی تک بڑے بڑے بکسوں میں سمندری جہاز کے ذریعے آئے تھے اور انہیں کراچی ائیر پورٹ کے ایک ہینگر Hangar جو De-Haviland کمپنی کی ملکیت تھا میں جوڑا جانا تھا۔(یاد رہے کہ اس زمانے میں کراچی ائیر پورٹ ہی سارے ہندوستان کی سول ایوی ایشن کا مرکز تھا۔) پارٹیشن کے فوراً بعد پاکستان گورنمنٹ نے ان چاروں جہازوں کو پاکستان سے باہر جانے سے روک دیا۔ اسلئے De-Haviland کمپنی کے لئے اب ضروری تھا کہ وہ انہیں پاکستان میں ہی فروخت کرے۔فی ہوائی جہاز قیمت دو ہزار برٹش پونڈ یعنی Rs 29,200 تھی۔ان چاروں جہازوں میں سے دو ہوائی جہاز سندھ گورنمنٹ نے اس وقت کے وزیر اعلیٰ مسٹر کھوڑو کے اندرون سندھ کے دوروں کے لئے خرید لئے۔یہ اطلاع ملنے پر حضور نے فوری طور پر مجھے کراچی بھیجا۔ اس اجازت کے ساتھ کہ اگر مناسب ہو تو میں یہ دونوں جہاز خرید لوں۔ایک جماعت کیلئے جس کی قیمت جماعت ادا کرے گی اور دوسرا آزاد کشمیر کی گورنمنٹ کے لئے جس کی قیمت وہ ادا کرے گی۔یہ وہ زمانہ تھا جب جماعت کو آزاد کشمیر کے انتظامی معاملات میں کسی قدر عمل دخل تھا۔چنانچہ میں کراچی میں کئی ہفتہ رکا رہا اور جب دونوں ہوائی جہاز Assemble ہو گئے اور باقاعدہ سول ایوی ایشن ڈیپارٹمنٹ نے ان کی رجسٹریشن کر دی تو باقاعدہ ان کی ٹیسٹ فلائٹ کرنے کے بعد پہلے ہوائی جہاز کو (جو جماعت کا تھا) کراچی سے براستہ جیکب آباد۔ملتان لاہور لے آیا۔پھر چند دن بعد ٹرین سے سفر کر کے واپس لاہور کراچی گیا اور دوسرا جہاز جو آزاد کشمیر گورنمنٹ کا تھا کو فلائی کر کے اسی روٹ سے لاہور لایا اور دو چار دن کے بعد اسے لاہور سے راولپنڈی (چکلالہ ائیر پورٹ) پہنچا کر اسی ہوائی جہاز کو آزاد کشمیر کی حکومت (جن کا ایک دفتر راولپنڈی میں بھی تھا) کے حوالے کر دیا۔مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آزاد کشمیر کی حکومت نے اپنے ہوائی جہاز کو ٹھیک طرح سے نہیں سنبھالا۔اس کی فلائنگ اور ٹیکنیکل دیکھ بھال اناڑیوں کے اور غیر ذمہ دار لوگوں کے سپرد کر دی۔نتیجہ یہ نکلا کہ ایک دو ماہ میں ہی وہ جہاز دو بار ایکسیڈنٹ کا شکار ہوا اور آخری بار ٹیک آف کرنے کے بعد ایک درخت سے ٹکرا کر ٹوٹ پھوٹ گیا۔شکر ہے اس کا اناڑی پائلٹ چھوٹی موٹی چوٹیں کھا کر بچ گیا مگر وہ ہوائی جہاز بالکل ختم ہو گیا۔Fox Moth قسم کا ہوائی جہاز ایک چھوٹا (تین مسافر بردار + پائلٹ) ہوائی جہاز تھا۔جس کی ساخت کچھ اس طرح تھی کہ انجن کے عین پیچھے ایک چھوٹا سا مسافروں کیلئے کیبن تھا۔جس میں تین مسافر بیٹھ سکتے تھے۔ایک اگلی جانب سیٹ جس کی بیک انجن کی جانب تھی جس کی وجہ سے اس پر بیٹھے ہوئے مسافر کا منہ ہوائی جہاز کی دم کی طرف ہوتا تھا۔اسی کیبن میں ذرا پیچھے ایک لمبی سیٹ جس

پر دو مسافر بیٹھ سکتے تھے اور جن کا منہ سامنے کی طرف ہوتا تھا۔ اور اس مسافروں کے کیبن کے پیچھے پائلٹ کی کاک پٹ تھی جس کے اوپر سلائیڈنگ ہڈ تھا۔ کاک پٹ اور کیبن کے درمیان ایک چھوٹی سی گول کھڑکی تھی کہ اشارے سے یا رقعہ لکھ کر آپس میں رابطہ کیا جا سکے۔ اس جہاز کی نارمل رفتار L-5 کی طرح سوا سو میل فی گھنٹہ سے کچھ زیادہ تھی۔ مگر L-5 کا ایک پر تھا یعنی یہ (Mono Plane) تھا۔ جبکہ Fox Moth دو پروں والا (Bi Plane) تھا۔ L-5 کا انجن اپنی پاور کے لحاظ سے اور جہاز کے وزن کے لحاظ سے کافی پاور کا تھا مگر Fox Moth کا انجن مقابلتاً تھوڑا سا کمزور یعنی Underpowered تھا۔

اب ہمارے پاس دو ہوائی جہاز ہو گئے۔ چند ماہ تو جماعتی ضروریات اور کشمیر کی جنگ کی ضروریات کی وجہ سے ہم بہت مصروف رہے۔ مگر آہستہ آہستہ جب رابطہ کے ذرائع پاکستان میں بہتر ہونے شروع ہو گئے تو جماعت کیلئے ہوائی جہازوں کی ضرورت روز بروز کم ہونی شروع ہو گئی۔

مجھے یاد ہے کہ جس دن ربوہ کے افتتاح کیلئے حضور نے ربوہ جانا تھا اس سے ایک دو دن پہلے میں اس نئے ہوائی جہاز (Fox Moth) میں ربوہ گیا اور اس جگہ لینڈ کیا جہاں اب قصر خلافت ہے۔ اس وقت یہ سارا علاقہ (بلکہ محلّہ دارالصدر کا سارا علاقہ بشمول وہ علاقہ جہاں اب صدر انجمن اور تحریک جدید کے دفاتر اور دیگر جماعت کے کارکنوں کے مکانات ہیں) بالکل اونچا نیچا پتھریلا اور بے حد خراب میدان تھا۔ وہاں چند گھنٹے ٹھہرنے کے بعد میں نے ایک مددگار کے ساتھ مل کر چونے کی لائنیں اسلئے لگائیں تا کہ ربوہ میں ایک لینڈنگ گراؤنڈ کی جگہ تجویز ہو جائے۔ مگر بعد میں یہ معاملہ آگے نہ بڑھ سکا۔

اس کے علاوہ جب ایک بار حضور جماعتی دورے کیلئے سندھ جا رہے تھے تو میں بھی چند دنوں کیلئے اس جہاز میں براستہ ملتان۔ جیکب آباد کراچی گیا۔ اور پھر وہاں سے اس جہاز میں حیدر آباد اور وہاں سے کنری جا کر لینڈ کیا۔ مگر چونکہ حضور کا ہیڈ کوارٹر وہاں سے 25 میل دور شمال میں یعنی محمود آباد سٹیٹ میں تھا۔ اس لئے میں گھوڑے کی سواری کر کے محمود آباد گیا اور وہاں سید عبدالرزاق شاہ صاحب مرحوم کے پر جوش تعاون سے ہم نے مل جل کر جلدی جلدی ایک لینڈنگ گراؤنڈ بالکل حضور کے دفتر اور گھر کے نزدیک بنا ڈالی اور پھر گھوڑے کی سواری کر کے واپس کنری گیا اور وہاں سے ہوائی جہاز کو محمود آباد لے آیا۔ اور پھر چند دنوں کے بعد واپس براستہ کراچی لاہور آ گیا۔ لاہور آنے کے بعد جماعت کے مختلف کاموں کے سلسلے میں کئی پروازیں کیں یہ وہ دن تھے جب کشمیر کی جنگ شروع ہو چکی تھی اور جس جنگ میں (یعنی 1948ء میں) جماعت نے بھی ایک والنٹیرز کی انفنٹری بٹالین کھڑی کی اور اس کو پاکستانی فوج کے ساتھ کشمیر کی جنگ میں بھیجا تھا۔ اس بٹالین کا ٹریننگ سنٹر سرائے عالمگیر (جہلم) سے چند میل جنوب میں اپر جہلم کے کنارے پر تھا۔ جب بھی میں جماعتی کام سے لاہور سے راولپنڈی جاتا یا آتا تو اس سنٹر کے اوپر سے گزرتے ہوئے انہیں Buzz ضرور کرتا۔ یاد رہے کہ اس بٹالین کا نام فرقان بٹالین تھا اور اس کے کمانڈر کرنل حیات صاحب تھے اور اس بٹالین نے اپنے فرنٹ پر اپنے سپرد علاقے کا نہ صرف پر زور دفاع کیا بلکہ پاکستان کی مستقل فوج کی بٹالینوں کے برابر کارکردگی دکھائی۔

ایک بار حضور بھی میرے ساتھ سی Fox Moth جہاز میں سیالکوٹ سے لاہور تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ سیدہ مہر آپا مرحومہ اور حضور کی بیٹی صاحبزادی امتہ الباسط بیگم صاحبہ مرحومہ بھی تھیں۔ اس دن ہم نے موجودہ لاہور ائیر پورٹ پر لینڈ کیا۔ کیونکہ اس دن کسی ٹیکنیکل وجہ سے والٹن ائیر پورٹ بند تھا۔ موجودہ لاہور ائیر پورٹ اس وقت ائیر فورس کا بیس تھا اور اس زمانے میں سول ہوائی جہازوں کو وہاں لینڈ کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ اسی طرح ایک بار جماعت کے جہاز کو کوئٹہ بھی لے کر جانا تھا مگر سندھ میں فلڈ آ جانے کی وجہ سے اور زمینی راستے بند ہو جانے کی وجہ سے ایک ٹیکنیکل مجبوری کی وجہ سے ہوائی جہاز کو جیکب آباد ائیر پورٹ پر ہی چھوڑنا پڑا۔

1950ء میں حضور نے جماعت کے دونوں ہوائی جہازوں کو کراچی بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ میں ایک ایک کر کے دونوں ہوائی جہازوں کو کراچی لے گیا۔ پہلے تو کراچی کی جماعت نے انہیں حضور کے منشاء کے مطابق فروخت کرنے کی کوشش کی مگر عرصہ تک جب وہ بک نہ سکے اور چونکہ انہیں کراچی ائیر پورٹ کے ہینگرز میں رکھنے کے اخراجات اور انہیں صحیح حالت میں رکھنے کے اخراجات بہت زیادہ تھے اس لئے حضور نے دونوں جہاز ایک ادارے کو جماعت کی طرف سے تحفتاً دے دئے۔

اس کے بعد 1950ء میں حضور نے مجھے ائیر فورس میں واپس جانے کی اجازت دیدی جہاں میں نے 1965ء تک ملازمت کی اور جنگ 1965ء کے بعد ریٹائر ہوا۔ ائیر فورس کی ملازمت کے دوران میں ائیر فورس کے آپریشنل فلائنگ سکول میں انسٹرکٹر رہا۔ پھر دو الگ الگ فائٹر سکواڈرن کی کمانڈ بھی کی۔ ان میں پاکستان کا دوسرا جیٹ فائٹر سکواڈرن بھی تھا۔ پھر انگلستان میں ایک بار ائیر گنری انسٹرکٹر Air Gunnery Instructor بننے کا کورس کیا۔ اور پھر اسی سال فائٹر لیڈر Fighter Leader کورس کیا۔ پھر نمبر 33 جیٹ فائٹر ونگ کو کمانڈ کیا۔ اسی دوران میں میں ائیر فورس کی مشہور فارمیشن ایروبیٹکس ٹیم (Aerobatics Team) جو Falcons کہلاتی تھی کا بھی ممبر رہا۔ یہ وہ ٹیم تھی جنہوں نے دنیا میں پہلی بار 16 ہوائی جہازوں سے اکٹھا مل کر Loop کیا تھا۔ اس کی تصویر میرے پاس موجود ہے۔

1958ء میں میں نے ائیر فورس سٹاف کالج سے گریجوایشن کر کے p.s.a کی ڈگری حاصل کی اور 1960ء سے 1963ء تک کے عرصے میں سوا دو سال کوئٹہ میں آرمی کمانڈ اینڈ سٹاف کالج میں بطور انسٹرکٹر رہا اور آخر میں ائیر ہیڈ کوارٹر پشاور میں وار پلاننگ کے محکمہ کے ایک حصہ کا انچارج رہا۔ اس کے بعد ریٹائرمنٹ لے لی۔

اب سن 2010ء میں (جب میری عمر 86 سال کی ہے) میں اپنی بیٹی (ڈاکٹر عائشہ احمد) کے امریکہ کے گھر میں بیٹھا ہوا یہ تاریخی واقعات رقم کر رہا ہوں جو تقریباً 63 سال پہلے واقع ہوئے تھے مگر ان واقعات کو لکھنا اس لئے ضروری ہے تا کہ آئندہ نسلیں قادیان کے 1947ء کے حالات اور جماعت کے اس زمانے کے ہوائی جہاز کے بارے میں سب کچھ جان سکیں۔

نوٹ:۔

پارٹیشن کے فوراً بعد لاہور شہر میں ٹیکنیکل سہولتیں ناقابل بیان حد تک کم تھیں۔ مثلاً بیٹری چارجنگ کی سہولت بڑی مشکل سے مہیا ہوتی تھی۔ ایک مخلص احمدی جن کا نام محمد لطیف تھا کی لکشمی چوک میں کاروں کی بیٹریوں کو چارج کرنے کی دوکان تھی۔ اس مخلص احمدی نے اپنی دکان میں ایک خاص سرکٹ بنایا تا کہ حسب ضرورت میں جماعت کے ہوائی جہازوں کی بیٹریاں ری چارج کروا سکوں۔ بہت عرصہ بعد انہوں نے وہ دکان بند کر دی اور اب ان کے صاحبزادگان کی مزنگ چونگی کے قریب جیل روڈ پر کاریں فروخت کرنے کا شوروم ہے جس کا نام لطیف موٹرز ہے۔ میں ہمیشہ اپنی دعاؤں میں محمد لطیف صاحب مرحوم کو یاد رکھتا ہوں اور یہ بھی دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کے صاحبزادگان کے کاروں کے بزنس میں برکت ڈالے۔ آمین

مکرم رانا محمد سلیمان صاحب

دینی تعلیمات، حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ کے ارشادات کی روشنی میں

پردہ کی ضرورت، اہمیت اور افادیت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

تو مومنوں سے کہہ دے کہ وہ اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں یہ ان کے لئے بہت پاکیزگی کا موجب ہوگا جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سے اچھی طرح خبردار ہے۔

اور مومن عورتوں سے کہہ دے کہ وہ بھی اپنی آنکھیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی زینت کو ظاہر نہ کیا کریں۔ سوائے اس (زینت) کے جو آپ ہی آپ بے اختیار ظاہر ہوتی ہو (جیسے قد اور مٹاپا یا دبلا پن) اور اپنی اوڑھنیوں کو اپنے سینہ پر سے گزار کر اور اس کو ڈھانک کر پہنا کریں اور اپنی زینتوں کو صرف اپنے خاوندوں یا اپنے باپوں یا اپنے خاوندوں کے باپوں یا اپنے بیٹوں یا اپنے خاوندوں کے بیٹوں یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں یا اپنی بہنوں کے بیٹوں یا اپنی (ہم کفو) عورتوں، یا جن کے مالک ان کے داہنے ہاتھ ہوئے ہیں یا ایسے ماتحت مردوں پر جو ابھی جوان نہیں ہوئے یا ایسے بچوں پر جن کو ابھی عورتوں کے خاص تعلقات کا علم حاصل نہیں ہوا اپنی زینت ظاہر کریں اور اپنے پاؤں (زور سے زمین پر) اس لئے نہ مارا کریں کہ وہ چیز ظاہر ہو جائے جس کو وہ اپنی زینت سے چھپا رہی ہیں اور اے مومنو! سب کے سب اللہ کی طرف رجوع کرو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ (النور: 32-31)

پھر خدا تعالیٰ نے خاص طور پر عورتوں کو پردہ کرنے کا حکم اس آیت میں بیان فرمایا ہے:۔

اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مومنوں کی بیویوں سے کہہ دے کہ (جب وہ باہر نکلیں) اپنی بڑی چادروں کو سروں پر سے گھسیٹ کر اپنے سینوں تک لے آیا کریں۔ یہ امر اس بات کو ممکن بنا دیتا ہے کہ وہ پہچانی جائیں اور ان کو تکلیف نہ دی جائے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

(الاحزاب:60)

پیارے نبی حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ہے کہ حد سے بڑھی ہوئی بے حیائی انسان کو بدنما بنا دیتی ہے اور شرم و حیا انسان کو خوش نما و خوبصورت اور باوقار بنا دیتی ہے۔ (ترمذی ابواب البر والصلۃ باب ماجاء فی الفحش)

پھر ام المومنین حضرت ام سلمہؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں اور حضرت میمونہؓ آنحضرت ﷺ کے پاس تھیں کہ ایک نابینا صحابی ابن ام مکتوم حاضر ہوئے۔ حضور نے ہم دونوں کو ان سے پردہ کرنے کا حکم فرمایا۔ میں نے عرض کیا وہ نابینا ہیں جو ہمیں دیکھ نہیں سکتا۔ حضور نے فرمایا کیا تم دونوں بھی نابینا ہو کہ اس کو دیکھ نہیں سکتیں۔

(مشکوۃ المصابیح کتاب النکاح باب النظر الی المخطوبۃ و بیان العورات)

اس حدیث سے خوب وضاحت ہوتی ہے کہ سید الکونین حضرت محمد ﷺ کس قدر پردہ کا اہتمام فرمایا کرتے تھے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

یورپ کی طرح بے پردگی پر بھی لوگ زور دے رہے ہیں لیکن یہ ہرگز مناسب نہیں۔ یہی عورتوں کی آزادی فسق و فجور کی جڑ ہے۔ جن ممالک نے اس قسم کی آزادی کو روا رکھا ہے۔ ذرا ان کی اخلاقی حالت کا اندازہ کرو۔ اگر اس کی آزادی اور بے پردگی سے ان کی عفت اور پاکدامنی بڑھ گئی ہے تو ہم مان لیں گے

کہ ہم غلطی پر ہیں۔لیکن یہ بات بہت ہی صاف ہے کہ جب مرد اور عورت جوان ہوں اور آزادی اور بے پردگی بھی ہو تو ان کے تعلقات کس قدر خطرناک ہوں گے بدنظر ڈالنی اور نفس کے جذبات سے اکثر مغلوب ہو جانا انسان کا خاصہ ہے پھر جس حالت میں کہ پردہ میں بے اعتدالیاں ہوتی ہیں اور فسق وفجور کے مرتکب ہو جاتے ہیں تو آزادی میں کیا کچھ نہ ہوگا۔

(ملفوظات جلد4 ص104)

پھر حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

خدا کی کتاب میں پردہ سے یہ مراد نہیں کہ فقط عورتوں کو قیدیوں کی طرح حراست میں رکھا جائے یہ ان نادانوں کا خیال ہے جن کو (-) طریقوں کی خبر نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ عورت مرد دونوں کو آزاد نظر اندازی اور اپنی زینتوں کے دکھانے سے روکا جائے۔ کیونکہ اس میں دونوں مرد اور عورت کی بھلائی ہے۔ بالآخر یہ بھی یاد رہے کہ خوابیدہ نگاہ سے غیر محل پر نظر ڈالنے سے اپنے تئیں بچالینا اور دوسری جائز النظر چیزوں کو دیکھنا اس طریق کو عربی میں غض بصر کہتے ہیں اور ہر ایک پرہیز گار جو اپنے دل کو پاک رکھنا چاہتا ہے۔اس کو نہیں چاہئے کہ حیوانوں کی طرح جس طرف چاہے بے محابا نظر اٹھا کر دیکھ لیا کرے۔ بلکہ اس کے لئے اس تمدنی زندگی میں غض بصر کی عادت ڈالنا ضروری ہے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی ص36,35)

پھر حضور مزید فرماتے ہیں:۔

اس لئے خدا تعالیٰ نے ہمیں یہ تعلیم نہیں دی کہ ہم نامحرم عورتوں کو بلا تکلف دیکھ تو لیا کریں اور ان کی تمام زینتوں پر نظر ڈال لیں اور ان کے تمام انداز ناچنا وغیرہ مشاہدہ کر لیں۔لیکن پاک نظر سے دیکھیں اور نہ یہ تعلیم ہمیں دی ہے کہ ہم ان بیگانہ جوان عورتوں کا گانا بجانا سن لیں اور ان کے حسن کے قصے بھی سنا کریں۔لیکن پاک خیال سے سنیں۔ بلکہ ہمیں تاکید ہے کہ ہم نامحرم عورتوں کو اور ان کی زینت کی جگہ کو ہرگز نہ دیکھیں، نہ پاک نظر سے اور نہ ناپاک نظر سے اور ان کی خوش الحانی کی آوازیں اور ان کے حسن کے قصے نہ سنیں، نہ پاک خیال سے اور نہ ناپاک خیال سے بلکہ ہمیں چاہئے کہ ان کے سننے اور دیکھنے سے نفرت رکھیں جیسا کہ مردار سے تا ٹھوکر نہ کھاویں۔ کیونکہ ضرور ہے کہ بے قیدی کی نظروں سے کسی وقت ٹھوکریں پیش آویں۔ سو چونکہ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہماری آنکھیں اور دل اور ہمارے خطرات سب پاک رہیں۔اس لئے اس نے یہ اعلیٰ درجہ کی تعلیم فرمائی۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی ص35)

پھر سیدنا حضرت مسیح موعود نے قرآنی آیات کی روشنی میں پاکدامن رہنے کے لئے پانچ علاج بیان فرمائے ہیں۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

خدا تعالیٰ نے خلق احصان یعنی عفت کے حاصل کرنے کے لئے صرف اعلیٰ تعلیم ہی نہیں فرمائی بلکہ انسان کو پاک دامن رہنے کے لئے پانچ علاج بھی بتلائے ہیں یعنی یہ کہ (1) اپنی آنکھوں کو نامحرم پر نظر ڈالنے سے بچانا۔(2) کانوں کو نامحرموں کی آواز سننے سے بچانا۔(3) نامحرموں کے قصے نہ سننا۔(4) اور ایسی تمام تقریبوں سے جن میں اس بدفعل کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو اپنے تئیں بچانا۔(5) اگر نکاح نہ ہو تو روزہ رکھنا وغیرہ۔ (اسلامی اصول کی فلاسفی ص34)

پھر حضور پردہ کی ضرورت کو کچھ اس طرح بیان فرماتے ہیں:۔

یاد رکھنا چاہئے کہ بغیر خاوند اور ایسے لوگوں کے جن کے ساتھ نکاح جائز نہیں اور جتنے مرد ہیں ان سے پردہ کرنا ضروری ہے جو عورتیں نامحرم لوگوں سے پردہ نہیں کرتیں شیطان ان کے ساتھ ساتھ ہے۔

(مجموعہ اشتہارات جلد1 ص69)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

اگر کسی حسین پر پہلی نظر پڑ جائے تو تم دوبارہ اس پر ہرگز نظر نہ ڈالو اس سے تمہارے قلب میں ایک نور پیدا ہوگا۔ (حقائق الفرقان جلد3 ص213)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

شرعی پردہ جو قرآن شریف سے ثابت ہے یہ ہے کہ عورت کے بال گردن اور چہرہ کانوں کے آگے تک ڈھکا ہوا ہو۔اس حکم کی تعمیل میں مختلف ممالک میں اپنے حالات اور لباس کے مطابق پردہ کیا جا سکتا ہے۔

(الفضل 8 نومبر 1924ء)

پھر حضور فرماتے ہیں:۔

